آسان طبی نسخے

محمد یونس قادری

03023359863

آسان طبی نسخے

مرتبہ

محمد یونس قادری

جامع مسجد بابا حیدر شاہ۔محلہ الہیار۔ٹنڈو آدم۔ضلع سانگھڑ۔سندھ۔پاکستان۔68050

E-mail:qadriTDM@gmail.com

Cell No:+92302-3359863

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف اول

سب تعریف اس مالک کل دو جہاں کو زیبا ہے جس نے روحانی وجسمانی نعمتوں سے مخلوق کو مالا مال کر دیا اور لاتعداد درود وسلام ہوں محبوب رب العالمین ﷺ کے لئے جن کے صدقے ان نعمتوں کو تقسیم کیا گیا۔

جس طرح ہر اونٹ سواری کے لائق نہیں ہوتا، اسی طرح ہر کتاب فائدہ رساں نہیں ہوتی اس دور میں سفید پوشوں کے لئے جس طرح کے مسائل ہیں اس کو وہی جانتے ہیں۔ ان مسائل میں سے ایک اہم مسئلہ کتب کا خریدنا بھی ہے۔

ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے طب کی وہ کتب جو کہ راقم کے مطالعہ میں رہی ہیں ان میں سے جو اہم اور آسان نسخے ملے ان کو ان احباب کے لئے "**آسان طبی نسخے**" کے نام سے جمع کر دیا ہے۔ فائدہ اٹھانے والے سے دعا کی درخواست ہے۔

احقر

محمد یونس قادری

پیر ۱۲/اگست ۲۰۱۲

نسیان(بھول جانا)

دارچینی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جیب میں رکھیں اور دن میں تین چار ٹکڑے چبا کر ان کا رس چوستے رہا کریں۔ چند روز بعد قوت حافظہ غیر معمولی طور پر بڑھ جائے گی۔ (ص۔۱۵)

منہ کی بد بو

یہ ایک ایسی بیماری ہے جس سے اچھا بھلا خوش شکل اور مجلسی آدمی احساس کمتری کا شکار ہو جاتا ہے اور لوگ اس کے پاس بیٹھنے سے گریز کرنے لگتے ہیں۔ ایسے اشخاص کو چاہیے کہ دن میں ایک دو مرتبہ سونف منہ میں ڈال کر چبایا کریں اس سے منہ کی بد بو دور ہو جائے گی۔ (ص۔۳۳)

نوٹ :پسینہ کی بد بو کو دور کے لئے بھی یہ نسخہ مجرب ہے دن میں تین بار استعمال کریں۔

آواز بیٹھ جانا

صرف سونف کو منہ میں ڈال کر چباتے رہنے سے آواز کھل جاتی ہے اور حلق کی خشکی دور ہو جاتی ہے۔

(ص۔۳۴)

خناق(گلا گھٹنا)

اصطلاح طب میں ایک شدید ورم کو خناق کہتے ہیں جو کہ اعضائے حلق میں واقع ہوتا ہے جس سے مریض کو کھانے پینے بلکہ سانس لینے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔

اسباب: نزلہ وزکام بگڑ جانے یا کسی خلط کی زیادتی سے یہ مرض وقوع پزیر ہوتا ہے۔

علامات : مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلق میں کچھ اٹکا ہوا ہے۔ بعض دفعہ آواز بھی بند ہو جاتی ہے درد ہو کر بار بار کھانسی اٹھتی ہے۔

ھوا لشافی : املتاس ۶ تولہ کو آدھا سیر دودھ میں جوش دے کر مریض کو غرغرے کرائیں

انشاءاللہ آدھے گھنٹے کے اندر مریض روبصحت ہوگا، مجرب ہے۔ (ص۔۳۵)

نوٹ : اگر حلق سے اندر بھی اتر جائے تو کوئی نقصان نہیں۔

پیٹ کا درد

معدہ بدن انسانی میں وہ بہترین عضو ہے جس میں غذا جیسی ضروری چیز پکتی ہے۔ معدہ کا کسی مرض میں مبتلا ہو جانا گویا تمام بدن کے بیمار ہونے کے ہم معنی ہیں۔ کیونکہ جو نقص معدہ میں ہوگا وہ غذا کے ذریعے تمام بدن میں پہنچ کر خراب اثر پیدا کرے گا۔ لہٰذا معدہ میں اگر ذرا سا بھی نقص ہو تو اس کو معمولی سمجھ کر خاموش نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کے علاج کا فکر کرنا چاہیے۔

آک کے پھولوں کے لونگ حسب ضرورت لے کر اس کے برابر وزن نمک سیاہ یا عام نمک جو گھروں میں استعمال ہوتا ہے اور مرچ سیاہ تینوں چیزیں ہموزن لے کر کوٹ لیں اور رتی رتی کی گولیاں بنالیں۔ یہ اکسیر گولیاں بفضلہ تعالیٰ پیٹ درد، بھوک نہ لگنا، ہیضہ

، کھٹے ڈکار آنا، کھانسی وغیرہ کے لئے لاجواب ہیں۔ (ص ۔۴۹)

قبض

یہ بیماری آج کل بے انتہا پھیل رہی ہے جس شخص کو دیکھو قبض میں مبتلا نظر آتا ہے۔اس کو معمولی بیماری نہ خیال کریں بلکہ یہ تمام بیماریوں کی ماں ہے۔اس سے سردرد، بواسیر، جوڑوں کا درد گھبراہٹ، بے چینی، بھوک نہ لگنا، کھانا ہضم نہ ہونا وغیرہ وغیرہ بے شمار بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں لہٰذا جب قبض کی شکایت معلوم ہو تو فوراً اس کا تدارک کرنا چاہیے۔

رات کو سوتے وقت روغن بادام یا گھی (تین چمچ) آدھا کلو دودھ میں ملاکر چند روز تک استعمال کریں۔

(ص ۔۶۱)

جگر کی بیماریاں

وجود انسانی میں جگر بہت اہم عضو ہے اس میں ہی خون پیدا ہوتا ہے جس سے تمام بدن کی پرورش ہوتی ہے۔جگر کی بیماریاں تو بہت سی ہیں لیکن ہم یہاں صرف ایک بیماری جس کو طب یونانی والے یرقان اور عام لوگ پیلیا کہتے ہیں کا علاج تحریر کررہے ہیں۔

(۱)......مولی کے سبز پتے لے کر عرق نکال لیں جوان آدمی کے لئے آدھا سیر عرق روزانہ کافی ہے اس میں موٹی شکر (چینی یا مصری) اس قدر ملالیں کہ کافی میٹھا ہو جائے اب اس کو باریک ململ کے کپڑے سے چھان لیں اور پھر پلائیں۔بس پلاتے ہی مریض کو اس قدر فرحت ہوگی کہ وہ خود کہہ اٹھے گا کہ مجھے اب فائدہ ہو گیا ہے۔

بھوک خوب اچھی طرح لگے گی دست بھی آئیں گے۔مرض دن بدن گھٹتا جائے گا یہاں تک کہ سات روز میں بفضلہ تعالیٰ مرض یرقان (**ھیپاٹائٹس**) کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔

(۲)......زردگا جر کا پانی دس تولہ نکال لیں اس میں ایک تولہ مصری ملالیں روزانہ صبح و شام پلائیں۔

(ص ۔۶۳)

حیض کا زیادہ آنا

یہ ایک ایسی بیماری ہے جو مستورات کو بے حد تکلیف دیتی ہے۔مریضہ روز بروز کمزور ہوتی جاتی ہے۔

دھنیا ۶ ماشہ لے کر کوٹ لیں اور آدھا سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر پانی جل جائے تو اتار کر سرد کرلیں اور نیم گرم حالت میں مصری ملاکر پلائیں۔روزانہ جب تک مرض ختم نہ ہو۔

پرہیز :

تمام گرم غذاؤں سے بچیں مثلاً گوشت، سرخ مرچ، گرم مصالحہ، بینگن وغیرہ۔

غذا: کدو، خرفہ، توری، مونگ کی دال، چپاتی، انگور، دلیا وغیرہ کھائیں۔ (ص ۔۷۳)

(گھر کا علاج۔حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ)

پستان پر چوٹ لگنا

یہ بہت تکلیف دہ بیماری ہے اگر چوٹ لگتے ہی اس کا علاج کرلیا جائے تو فوراً تکلیف دور ہو جاتی ہے لیکن علاج میں کوتاہی اور غفلت کرنا بسا اوقات بیماری کے بڑھ جانے کا باعث بن جاتا ہے۔

مغز بادام ایک تولہ (جو کہ چھیل لیے ہوں) کشمش ایک تولہ، حتی ایک تولہ تینوں چیزوں کو پانی کی مدد سے خوب گھوٹ کر و رانیم گرم کر کے دن میں تین مرتبہ لیپ کریں۔ انشاءاللہ تین دن میں شرطیہ فائدہ ہو جائے گا۔ بارہا مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

(گھر کا علاج۔ص ۴۷)

حیض کا جاری کرانا

بنولہ تین چار تولہ لے کر کوٹ لیں اور آدھا سیر پانی میں جوش دیں۔ آدھا پاؤ پانی رہنے پر اتار لیں اور صاف کر کے چینی ملالیں۔ تین روز پلائیں خون حیض جاری ہو جائے گا خواہ کتنی دیر سے رکا ہوا۔

(ص۔۵۳)

پستانوں کا لٹک جانا

پوست انار (ناپال) ایک سیر، مازو آدھا پاؤ دونوں کو نیم کوب کر کے چار گنا پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی باقی رہے تو تلوں کا تیل ایک سیر ڈال کر پکائیں جب ایک سیر پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اس کو صاف کر کے رکھیں اور پستانوں پر روزانہ صبح و شام لگائیں۔

(ص۔۱۲۲)

خارش اندام نہانی

گندھک آملہ سار ۲۵ گرام، گھی دیسی ۵ تولہ دونوں کو کڑچھی میں ڈال کر نرم آگ پر رکھیں جب ساری کڑچھی جھاگ بن جائے گی تب اتار لیں اور سرد ہونے پر گھی اور گندھک علیحدہ علیحدہ کرلیں۔ اس گھی کو اندام نہانی میں لگائیں اور گندھک ۴ رتی دودھ سے دن میں ایک بار کھلائیں بفضلہ آرام آجائے گا اور قیمتی سے قیمتی نسخے فیل ہو جائیں گے۔ (ص۔۱۸۹)

(عورتوں کے امراض اور ان کے علاج۔حکیم نور محمد چوہان)

نروس سسٹم کو طاقت دینے والی بوٹی

چار سے چھ ماشہ ملٹھی کا سفوف دودھ کے ساتھ دو چار ماہ تک استعمال کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

(ص۔۱۱)

موٹا ہونے کے لئے

اسگندھ ناگوری اور بدھارا ہموزن سفوف بنالیں اور ان کے ہم وزن مصری ملالیں۔ چھ ماشہ روزانہ صبح و شام دودھ سے کھاتے رہیں

ایک دو ماہ میں دبلے پتلے انسان موٹے تازے بن جاتے ہیں۔اس کے علاوہ جریان، احتلام ،سرعت انزال جیسے امراض بھی اس سے دور ہو جاتے ہیں کمر درد اور جوڑوں کے درد بھی دور ہو جاتے ہیں۔اس کی خوبی یہ ہے کہ یہ دوا قبض کشا ہے۔ (ص۔۱۵)

(مجربات۔ڈاکٹر ایس پی مہتہ)

سرعت انزال

کیکر (ببول) کی کچی پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہو لے کر سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا لیں اور اس سفوف کے ہموزن مصری ملا لیں صبح و شام ۶ ماشہ دودھ کے ہمراہ لیں کم از کم ایک ماہ استعمال کریں۔شرطیہ نسخہ ہے۔

(خزینۃ المجربات۔پنڈت کرشن کنور دت شرما۔ص ۱۶)

پرسوت کے لئے

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ۔زاج ۵ تولہ۔شیر مدار تولہ سب کو سفوف بنا کر گل حکمت کر کے پانچ سیر کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔ایک رتی خوراک ہر قسم کے بخار کے لئے نیا ہو یا پرانا۔کھانسی اور امراض اوجاع کو بھی مفید ہے اور پرسوت کے لئے بے نظیر ہے۔

(راز الاطباء۔حکیم محمد عبدالرحیم جمیل۔ص ۵۹)

سرعت انزال اور نامردی

سوا سیر کچلوں کا سفوف لیں اور ایک کڑاہی میں آدھا ڈال کر درمیان میں ۵ تولہ شنگرف کی ڈلی رکھ کر اوپر ڈھائی سیر گھی اور باقی سفوف کچلہ ڈال دیں۔جل جانے پر اتار کر شنگرف پیس لیں۔۲ چاول خوراک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ممسک ہونے کے علاوہ نامرد کے لئے بھی عجیب چیز ہے۔

(شنگرف کے کرشمے۔حکیم بشیر احمد علوی۔ص ۱۹۲)

پرانا بخار

ملیریا بخار بڑا خونخوار اور تکلیف دہ مرض ہے۔یہ موما ہر سال باقاعدہ آتا ہے بکثرت مریضوں کو قضا کی گود میں سلا دیتا ہے۔جب یہ پرانا ہو جاتا ہے تو بڑی مشکل سے قابو آتا ہے ڈھیروں گولیاں، کیپسول اور انجکشن دینے پر بھی اکثر پیچھا نہیں چھوڑتا۔مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔یہ کہاوت اس پر صادق ثابت ہوتی ہے۔ایسی مایوس کن حالت میں ذیل کا ایک بالکل معمولی سا نسخہ اس مرض کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔بڑی بڑی نامی دواؤں سے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے اور معالجین کو حیرت میں ڈال دیتا ہے۔اکثر بوڑھوں کو اس کا علم ہے لیکن نئی نسل کے وید اور حکیم اس سے عموماً ناآشنا ہیں۔یہ بیش قیمت نسخہ کہیں ناپید نہ ہو جائے محض اس لئے اسے صفحۂ قرطاس پر بکھیر دیا ہے۔

اجوائن دیسی ۶ ماشہ۔مغز بادام ۵ عدد، کالی مرچ ۵ عدد، تازہ گلو لمبائی میں ایک بالشت بھر رات کو بھگو دیں اور صبح کو (کالا یا سفید)

نمک حسب ذائقہ ملا کر ان تمام ادویہ کو چٹنی کی طرح رگڑ لیں اور پھر آدھا پاؤ پانی ملا کر کپڑے سے چھان لیں اور صبح نہار منہ پلائیں ایک ہفتہ میں پرانے سے پرانا بخار دور ہو جاتا ہے۔ بھوک چمک اٹھتی ہے۔ (پچاس صدری مجربات۔ وید جگن ناتھ۔ ص۔۷)

درد شقیقہ (تریاق عصابہ)

اسطوخودوس ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ کشنیز ۶ ماشہ۔ سب کو علی الصبح سورج نکلنے سے پہلے مثل سردائی کے گھوٹ کر پلائیں نہایت ہی مجرب ہے۔ (ص۔۸)

بواسیر

سفوف مغز کرنجوہ ۶ ماشہ۔ شکر سفید (چینی) ۶ ماشہ باہم ملا کر سفوف بنالیں یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے ضرورت کے مطابق زیادہ بنا لیں۔ بواسیر خونی و بادی کے مفید ہے اس دوا سے ہمیشہ کے لئے بواسیر سے نجات مل جاتی ہے۔ ایک تولہ یہ خوارک روزانہ نہار منہ ہمراہ ٹھنڈے پانی سے استعمال کریں اور غذا میں گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔ (ص۔۳۰)

(طبی صندوقچہ۔ حکیم محمد عبدالرحیم جمیل)

سفوف رسائن بدن

یہ نسخہ نہ صرف جریان کو مفید ہے بلکہ سرعت انزال، احتلام، کمر کا درد، پیشاب کا بار بار آنا، دل کی دھڑکن، سانس کا پھولنا، نظر کی کمزوری وغیرہ بے شمار بیماریوں کے لئے اکسیر صفت ہے۔

اسگندھ ناگوری کا سفوف بنالیں اور ہم وزن مصری ملالیں چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ساتھ کم از کم چالیس روز استعمال کریں عجیب چیز ہے۔

(کمزوری اور نامردی کا علاج۔ حکیم محمد عبداللہؒ۔ ص ۴۲)

درد رحم

ریوند خطائی حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں اور اس کے ہم وزن مصری ملالیں بس دوائے رحم تیار ہے۔ چھ چھ ماشہ کی مقدار میں استعمال کرائیں دن میں دوبار۔ درد رحم خواہ کسی وجہ سے ہو رہا خواہ ماہواری ایام کی دقت سے ہو رہا ہو۔ یا وضع حمل اس کا باعث ہو (ص۔۱۴۴)

شربت حسن افزاء

شنگرف ایک تولہ، ناڑی ایک تولہ ہر دو کو باہم ملا کر ۲ گھنٹہ خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں پھر ایک سیر مصری کا قوام تیار کر کے یہ سفوف شامل کردیں ٹھنڈا ہونے پر ست الائچی تین ماشہ، ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ شامل کردیں بس شربت حسن افزاء تیار ہے۔ دو تولہ پانی میں ملا کر نوش فرمایا کریں دن میں ایک بار۔ اس دوران دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

مقوی باہ، مقوی جگر اور قلب ہے رقت منی اور جریان کے ازالہ کے لئے مفید ہے چونکہ اس کے استعمال سے خون وافر مقدار میں

پیدا ہوتا ہے اس لئے رنگ و رخسار کو نکھارتا ہے اور جسم و جان میں طاقت و توانائی پیدا کرتا ہے۔ (ص۔۱۵۸)

اکسیر دمہ

شنگرف رومی ایک تولہ، قلفل سیاہ ایک تولہ، مگھاں ۶ ماشہ، مصری ایک تولہ۔ پہلے شنگرف اور قلفل کو باریک میدہ کی طرح کرلیں پھر مصری اور مگھاں ملاکر غبار بنالیں بس اکسیر تیار ہے۔ دو، دو رتی کی خوراک آب نیم گرم سے صبح و شام لیں۔ لیسدار اشیاء سے پرہیز کریں۔ دمہ اور بلغمی کھانسی کے لئے اپنا سحر کار اثر دکھا کر مریض کو آرام کردیتی ہے۔ (کنز الاطباء۔ حکیم محمد عبداللہ۔ ص۔۱۶۲)

گرمی کا اثر

رتن جوت ۶ ماشہ روزمرہ مثل سردائی گھوٹ کر چھان کر ۲ تولہ مصری ملاکر پلائیں۔ گرمی سے تن کا تالو جلتا رہتا ہوں یا پیشاب میں جلن ہو یا سوزاک ہو اس کے مفید ہے۔

(گلدستہ مجربات۔ حکیم اللہ بخش فیروز پوری۔ ص۹۲)

جوشاندہ مخرج بلغم

زوفا ۵ ماشہ، انجیر ۴ عدد، ملٹھی مقشر ۶ ماشہ، گل بنفشہ ۳ ماشہ ہر چہار ادویہ کو مناسب مقدار پانی میں ڈال کر جوش دیں اور دن میں دو یا تین مرتبہ پلائیں۔ تمام جوشاندے کے تین حصہ کرلیں اور ایک ایک حصہ پلائیں۔ یہ جوشاندہ بلغمی کھانسی میں جب کہ سینہ میں بلغم بہت زیادہ جم رہی ہو اور نہ نکلے اس جمی ہوئی بلغم کو آسانی خارج کرتا ہے اور بلغمی بخار جو کہ اکثر شام کو ہوا کرتا ہے اس کے لئے بھی مجرب ہے۔ (ص۔۳۶)

پیام شفا

عمدہ گلقند ۵ تولہ، زیرہ سفید ۲ تولہ۔ زیرہ کو باریک سفوف بنا کر گلقند میں ملالیں صبح و شام کھانا کھانے کے بعد ایک تولہ کھلائیں۔ کھانا کھاتے ہی تے کا آجانا، ترش ڈکاریں، بدہضمی، اپھارہ، بھوک نہ لگنا وغیرہ امراض شکم میں مجرب ہے۔

(حلفیہ مجربات۔ حکیم محمد عبداللہ۔ ص۔۱۰۷)

کشتہ سنکھیا یا شنگرف یا ہڑتال ورقیہ

ایک تولہ کوئی سی بھی ایک چیز لے کر ۲ تولہ آک کے دودھ میں خوب کھرل کرکے گولی بنالیں جب یہ گولی خشک ہوجائے تو مٹی کی پیالیوں میں لب بہ لب بند کرکے دو بڑے بڑے دو اوپلوں میں رکھ کر ہوا سے بچا کر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ ایک چاول سے دو چاول تک مکھن سے کھلائیں، نامردی، کمزوری، اعصاب اور بلغمی امراض کے واسطے مثل تریاق ہے۔

(تحفہ لقمان۔ عبدالجبار قادری۔ ص۱۰۴)

جنسی قوت کا خزانہ

آدھا سیر موصلی سفید ہموزن دودھ میں پکائیں۔ جب تمام دودھ خشک ہوجائے تو سائے میں رکھ کر سکھالیں۔ سفوف بنا کر ایک

تولہ جائفل اور ایک تولہ جاوتری ملادیں اور شہد کے ہمراہ جنگلی بیر جتنی بڑی گولیاں بنالیں روزانہ ایک گولی رات کو دودھ سے لیں۔قوت باہ میں اضافہ کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ (مردانہ قوت بڑھائیں۔سلطان خان عظیم۔ص ۷۶)

مقوی باہ معجون

زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ مالکنگنی ایک سیر۔ لونگ۔ جائفل۔ مغز اخروٹ۔ موصلی سفید ہر ایک سوا تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ پرانا گڑ ایک سیر۔ سب چیزوں کو کوٹ کر آپس میں ملالیں ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔اس سے قوت حافظہ غضب کی ہو جاتی ہے۔یہ بہت حیرت انگیز طور پر مقوی باہ ہے۔اگر بلغم پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کیا جائے تو اس کی مداومت سے جوانی کے دنوں میں سفید شدہ بال بھی ازسرنو سیاہ ہو جاتے ہیں اور بدن کندن کی طرح چمکدار ہو جاتا ہے۔ (نئی جوانی۔پنڈت کرشن کنور دت شرما۔ص ۷۰)

آلہ تناسل کو سخت کرنے کے لئے

ایک ہلیلہ کابلی کو باریک سفوف بنا کر ہموزن شہد ملا کر چالیس روز تک ایک عدد کے حساب سے روز کھائیں۔پھر تماشا دیکھیں۔

(مجربات بوعلی سینا۔ص ۳۳)

سفوف اکسیر برائے جریان۔احتلام۔سرعت انزال

اسگندھ ناگوری، بدھارا، ستاور ہموزن لیں اور ان کے ہموزن مصری ملا کر سفوف بنالیں ایک تولہ صبح و شام دودھ سے لیں۔

(جنسی امراض اور ان کا علاج۔کرنل بھولاناتھ صاحب بہادر۔ص ۲۰۹)

جسم میں طوفانی طاقت لانے والی واحد مجرب دوا

بھلاوہ ۵ تولہ، کالے تل ۱۰ تولہ، زردی مرغ ۲ عدد، سم الفار ۶ ماشہ، شنگرف ایک تولہ۔پہلے شنگرف اور سم الفار کو سفوف بنا کر انڈوں کی زردی میں کھرل کریں۔پھر تل اور بھلاوہ کوٹ کر ملالیں اب اس میں ۱۵ تولہ دیسی گھی ڈال کر پتال جنتر سے تیل نکال لیں۔یہ تیل ۲ رتی خوراک مکھن سے دیں۔یہ نسخہ جناب حکیم شیخ محمد عابد انصاری سیوہانی رحمۃ اللہ علیہ شاہی طبیب یمن کا ہے موصوف نے ۱۸۴۱ء میں مدینہ منورہ میں وفات پائی۔ (تحفہ طبیبن جا۔حکیم اعجاز حسین چاندپوری۔ص ۷۵)

سفوف مفرح

دھنیا خشک اور زیرہ سفید ہموزن کا سفوف بنالیں۔ ۶ ماشہ ہمراہ قہوہ سونف و گل سرخ کے لیں۔کھاتے ہی جسم سے تیزابیت کو ختم کر دیتا ہے جلن، گھبراہٹ، اماس جسم، عظم قلب بوجہ تحلیل کے لئے بے حد مفید ہے اور سوزاک کے لئے بھی اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔

(میرا مطب معہ علم العلاج۔حکیم محمد یاسین و محمد شریف دنیاپوری۔ص ۱۱۷)

غدی اعصابی ملیّن

نوشادر ٹھیکری ۴ تولہ، سونٹھ ۴ تولہ، کالی مرچ ۲ تولہ، ریوند خطائی ۹ تولہ، سناکی ۹ تولہ سب کو سفوف بنا کر بڑے چنے کے برابر گولیاں بنالیں (یا ایک ماشہ کا کیپسول بھر لیں) ایک تا دو گولی تین مرتبہ دن میں ہمراہ دودھ یا نیم گرم پانی سے دیں۔ترش و تیزاب سے ہونے والی

علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔ کھانسی، تپ دق اور یرقان کو دور کرنے کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

(میرا مطب معہ علم العلاج۔ حکیم محمد یاسین محمد شریف دنیاپوری۔ ص ۳۸۴)

دافع ملیریا (نوبتی بخار۔ تپ لرزہ)

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ۔ پھٹکری سفید ۲ تولہ۔ دونوں کو پیس کر ملالیں اور توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں جب بریاں ہو جائے تو اتار کر پیس لیں۔ سبز رنگ (بیرنگ زرد سبزی) ہوگا۔ ملیریا کے لئے اکسیر اور تریاق ہے۔ ایک رتی سے تین رتی تک خوراک تین مرتبہ دن میں کسی بھی شربت سے دیں۔ (گنج مخفی۔ حکیم محمد عبد الرحیم جمیل۔ ص ۱۵۲)

عرق النساء۔ وجع المفاصل اور ہر ایک درد کے لئے

ستاور۔ سونٹھ۔ اسگندھ ناگوری۔ مصبر۔ ہر ایک تولہ تولہ سب کا سفوف بنا کر گھیگوار کے دو تولہ رس میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی پانی سے لیں۔ کوڑیوں کی دوا سے موتیوں کے فوائد دیکھیں۔ (تیر بہدف۔ حکیم محمد ظفر اللہ ناصر۔ ص۔ ۵۰)

نزلہ وزکام

بھنے ہوئے چنے سات عدد اور مرچ سیاہ ایک عدد نہار منہ چبالیں۔ چار یوم کے بعد نخود بریاں چودہ عدد اور دو عدد مرچ سیاہ شروع کریں۔ ایک ہفتہ کے بعد نخود بریاں اکیس عدد فلفل سیاہ تین عدد۔ دو ہفتہ تک اسی طرح اس عمل کو کرتے رہیں انشاء اللہ خدا کے فضل سے دو تین ہفتہ کے عرصہ میں مدت کا نزلہ و زکام کافور ہو گا۔ (ص۔ ۹)

نوٹ: جو فضلہ حلق کی طرف آئے اس کو نزلہ کہتے ہیں اور جو ناک کے راستہ خارج ہو اس کو زکام کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ نزلہ زکام سے زیادہ تکلیف دہ اور خطرناک ہوتا ہے کیونکہ اس کا زہریلا مادہ اندر گرنے سے طرح طرح کی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔

پتھری مثانہ

ریوند چینی حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں دو ماشہ سے چار ماشہ تک پانی کے ہمراہ دیا کریں۔ بڑی مجرب ہے۔

(ص۔ ۱۵۰)

فوری اثر طلا

لونگ کو باریک سفوف مثل غبار بنا کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔ رات کے وقت تقریباً ایک ماشہ دوا ہتھیلی پر رکھ کر لعاب دہن کے ساتھ لیپ بنالیں۔ حشفہ و سیون چھوڑ کر عضو پر ضماد کرے اوپر برگ دستورہ یا برگ ارنڈ رکھ کر ہلکی سی پٹی باندھیں۔ صبح کھول کر عضو کو گرم پانی سے صاف کر دیا کریں۔ اگر عضو پر بثور نمودار ہوں تو اس وقت یہ دوا ترک کر کے جلا ہوا گھی لگایا کریں جب دانے معدوم ہو جائیں تو پھر یہی عمل شروع کریں۔ دانے پیدا ہونے پر بند کر دیں۔ اسی طرح دو تین بار عمل سے بفضلہ تعالیٰ کے تمام نقائص دور ہو جائیں گے۔

(ارزاں چٹکلے۔ حکیم محمد رحمت اللہ۔ ص۔ ۱۸۲)

ممسک

سم الفار سفید و رطب شیر بموزن کو سوا پہر (۳۱ گھنٹے) کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ عصر کے وقت ایک چاول کے بقدر بتاشہ میں ڈال کر کھا لیں۔ اوپر سے دودھ جتنا دل چاہے پی لیں۔ بے حد امساک پیدا کرتا ہے۔ (ص ۱۳۳)

مقوی باہ

بیر بہوٹی ایک عدد کو ۲ تولہ گھی میں جلائیں۔ جب جل جائے تو باہر کو نکال دیں۔ اس گھی میں ایک عدد مرغ بریاں کریں ہر روز ایک عدد کھائیں۔ گھی کا استعمال زیادہ کریں۔ ایک ہی ہفتہ میں نا قابل ضبط قوت باہ پیدا ہو جائے گا۔

(مفتاح الخزائن۔ حکیم کریم بخش۔ ص ۵۵۹)

کشتہ اذراقی

کچلہ حسب ضرورت کسی چینی کے برتن میں ڈال دیں۔ اس پر آب ادرک اس قدر ڈالیں کہ کچلہ سے دو انگل اوپر آ جائے۔ پھر سائے میں محفوظ رکھیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اسی طریق پر آب ادرک سے دو مرتبہ خشک کریں۔ پھر ہاون دستہ میں باریک کریں۔ نہایت آسانی سے کوٹا جائے گا۔ یہی اس کا وصف ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کے پتے نکالنے اور چھلکا اتارنے کی بھی کوئی مصیبت نہیں ہوتی اور اس سے کسی قسم کا ضرر نہیں ہوتا۔ ہاضم قبض کشا ہے۔ دو رتی ملائی میں رکھ کر یا دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ پٹھوں کے کل امراض مثلاً لقوہ۔ فالج۔ وجع مفاصل۔ درد ریح۔ ضعف باہ۔ ضعف اعصاب کے لئے مفید ہے۔ (ص۔۱۴)

روغن ریم ودرد گوش

کیکر کے پھول ۲ تولہ۔ روغن سرسوں ۵ تولہ میں جلا کر تیل کو صاف کر کے محفوظ کر لیں۔ چار قطرے کان میں ڈالیں۔ سردی کا موسم ہو تو نیم گرم کر لیں۔ کان سے پیپ بہتی ہو اور درد ہو تو اس روغن سے فی الفور آرام آ جاتا ہے۔ (ص۔۲۰)

دانتوں کا صاف کرنے والا منجن

پھٹکڑی سفید و ریٹھا سوڈا ہموزن سفوف بنائیں۔ برش یا مسواک سے دانتوں پر اچھی طرح ملیں۔ یہ دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے اور دانتوں کا خون بند کرتا ہے۔ (ص۔۲۱)

سفوف مقوی معدہ

مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ ہر ایک تین ماشہ۔ مصری ۹ ماشہ۔ ان سب کا سفوف بنالیں۔ تین ماشہ سے چھ ماشہ تک استعمال کریں۔ حد درجہ مقوی معدہ ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے اور اسہال معدی کے لئے بھی مفید ہے۔ (ص۔۳۱)

شربت کھانسی

عناب تیس دانے۔ سوڑیاں پچاس عدد۔ خطمی۔ خبازی۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔ انجیر بیس عدد۔ زوفا۔ ملٹھی ہر ایک تین تولہ۔ پرسیاؤشان دو تولہ۔ مصری آدھ کلو۔ مصری کے سوا تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب آدھا سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔ تین تولہ یہ شربت پانچ تولہ عرق گاؤزبان اور قدرے پانی ملا کر استعمال کریں۔ تین مرتبہ دن میں۔ معمولی نزلہ زکام و کھانسی میں عام طور پر صرف پانی ملا کر دیا جاتا ہے۔ یہ شربت کھانسی اور ہر قسم کے نزلہ و زکام۔ پختہ و خام۔ نمونیہ۔ دمہ۔ سل کے لئے اکسیر و عجیب و غریب خاص چیز ہے۔ بلغم کو پکا کر نکالتا ہے۔ ذات الجنب کے علاج میں غفلت کرنے سے کھانسی و درد پیدا ہو جائے اور زخم بن چکا ہو تو اسی حالت میں یہ شربت عجیب اثر دکھاتا ہے۔ (ص۔۴۴)

کشتہ سنگ یہود برائے پتھری

سنگ یہود ۵ تولہ کو مولی کے ایک سیر پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر سفوف بنالیں دو رتی خوراک گھی کے ساتھ صبح و شام استعمال کرائیں۔ یہ کشتہ پتھری ریگ گردہ۔ سوزاک وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔ (ص۔۱۷۰)

سفوف جریان

تالمکھانہ ۴ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ سب کو سفوف بنائیں۔ تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ خصوصاً جن کے مزاج میں زیادہ گرمی ہو اور اعضاء رئیسہ کمزور ہوں ان کے لئے ازحد مفید ہے منی کو گاڑھا کرتا ہے معدہ وقلب کو طاقت دیتا ہے (ص۔۱۹۱)

کشتہ سم الفار برائے رعشہ وفالج وغیرہ

سم الفار سفید۔ پھٹکری۔ نوشادر۔ ہر چیز ہموزن لیں اور تینوں کو موٹا موٹا سا کوٹ لیں زیادہ باریک نہ کریں۔ پھر ایک مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اوپر چینی کا ایک پیالہ بطور ڈھکن لگا کر اس میں ایک سوراخ کر لیں اور ڈھکن کو اردگرد سے مٹی سے بند کر دیں پھر سلگتے ہوئے کوئلوں میں رکھ دیں۔ جب سوراخ سے دھواں نکلنے لگے تو اس میں ایک آہنی سلاخ ڈال کر سے ہلانا شروع کر دیں جب سفید دھواں نکلنا شروع ہو تو کوزہ کو اتار لیں۔ جب سرد ہو جائے تو سب کو پیس لیں۔ ایک چاول مکھن یا ملائی سے دیں یہ بے نظیر نسخہ رعشہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے وہ وجع المفاصل۔ لقوہ۔ ستر خاستگی فدر۔ درد ریح اور ہر قسم کی دردوں کے لئے عمدہ چیز ہے۔ خاص الخاص مخفی کشتہ ہے۔ (ص۔۲۴۷)

شیر مقوی باہ

۶ ماشہ گوند چھوہارہ ایک سیر دودھ میں پیس کر ڈال دیں اور جوش دیں۔ جب دودھ کا رنگ گلابی ہو جائے تو اتار کر بقدر ضرورت مصری ملالیں اور سوتے وقت پی لیں۔ نہایت مقوی باہ ہے جریان کو دفع کرتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے۔ یہ ایک جامع ترکیب ہے جس کی موجودہ زمانے میں نہایت ضرورت ہے۔ (ص۳۴۲)

دوائے یرقان

پھٹکری سفید توے پر بریاں کر کے پیس لیں۔ پہلے دن ایک چٹکی۔ دوسرے دن دو چٹکی۔ تیسرے دن تین چٹکی دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔ تین دن کے بعد تین چٹکیاں روزانہ استعمال کرتے رہیں۔ یرقان زرد و سیاہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے اکثر اوقات ایک ہفتہ میں حتمی شفا بخشتی ہے۔

(مجربات سلطانی۔ حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی۔ ص ۴۵۸)

بدن کا لرزنا یا رعشہ

اس مرض میں انسان کے اعضاء بالخصوص ہاتھ کسی چیز کو پکڑتے وقت یا لکھتے وقت لرزتے ہیں اور اکثر یہ مرض بلغم کی زیادتی یا

کثرت جماع یا شراب نوشی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ بلغمی رعشہ کا علاج بلغم کا تنقیہ کرنا ہے اور جماع اور شراب نوشی کے رعشہ کا علاج جماع یا شراب کو ترک کرنا ہے۔ اور اس کا علاج مرغی کے انڈوں کو اس طرح کھانا ہے کہ آدھا انڈہ کچا ہو اور آدھا پکا۔

(طب آب حیات۔ میاں محمد اسلم۔ ص ۴۰)

مقوی باہ حلوہ

بھلاوہ پونے نو تولے کر کی ٹوپیاں اتار دیں اور چوبیس سیر گائے کے دودھ میں ہلکی آگ پر پکائیں حتیٰ کہ کھویا بن جائے تو بھلاوہ نکال لیں اور اب ایک سیر میدہ ڈال کر مناسب چینی اور گھی ملا کر بھون لیں اور حلوہ بنالیں اور روزانہ دو تولہ صبح کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ یہ نسخہ بڑے بڑے حکماء کا آزمودہ ہے قوت باہ کے لئے اکسیر ہے۔

(مردانہ طاقت۔ حکیم شمس الدین، سابق پرنسپل طبیہ کالج دہلی۔ انڈیا۔ ص ۲۱۹)

ہر قسم کے زخموں کے لئے

۱۶ عدد بھلاوے کر کے پاؤ تل کے تیل میں جلا لیں اور چھان کر اس میں ایک تولہ سنگجراحت پیس کر حل کریں مرہم تیار ہوگی۔ مرغی کے پر سے زخم پر لگائیں۔ زخموں کو بھرنے میں بے نظیر ہے۔ یہاں تک کہ مویشیوں کے زخموں کے لئے بھی۔

(حکمت کے راز۔ حکیم دیوان کاہن چند صاحب کپور پشاوریہ، سابق وزیر اعظم بہاولپور۔ ص ۱۴۷)

قیمتی معجونوں کا مقابل

بھنے ہوئے چنے اور بادام مقشر ہموزن سفوف بنالیں ایک چمچ روزانہ کھائیں۔ بڑے بڑے قیمتی معجونوں کا کام کرتا ہے۔ شہوت کو بڑھاتا ہے۔

(ادویات باہ۔ پنڈت ٹھاکر دت شرما۔ ص ۳۰۳)

بچوں کا مٹی کھانا

چھوٹی الائچی ۲ گرام۔ حب شیر ۲۴ گرام۔ مصری ۳۶ گرام، ان کا سفوف بنالیں۔ ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

(بچوں کے امراض اور ان کا علاج۔ حکیم سیف اللہ لکھنو۔ ص ۱۹۲)

کشتہ چاندی

ایک تولہ برادہ چاندی لے کر گلاب کے پانی سے گولی بنالیں پھر گلاب کے تازہ پھول آدھا پاؤ کے نغدہ بنا کر رکھ کر دس بارہ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(مجربات بے نظیر۔ داس وزیر چند۔ ص ۴۸)

فالج ولقوہ

سیاہ مرچوں کو پیس کر روغن میں ملا کر لقوہ کے مقام پر لیپ کیا جائے تو اس سے بہتر اور کوئی دوا نہیں۔ (ص ۴۸)

تقویت البصر

گل منڈی ۵ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ سفوف بنائیں ۹ ماشہ تازہ پانی سے استعمال کریں۔ بہت عمدہ ہے۔ (ص۔۳۹)

اختلاج قلب، اختناق الرحم، ضعف معدہ

دار چینی کا سفوف بنائیں ایک ماشہ خوراک ایک تولہ شہد کے ہمراہ دیں۔ (ص۔۷۴)

یرقان

نوشادر ۲ تولہ، سونف ۲ تولہ، عشبہ ۲ تولہ، پانی دو بوتل کسی مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب آدھا پانی رہ جائے تو آگ بند کر دیں، سرد ہونے پر صاف کر کے کام میں لائیں، ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام۔ تین چار روز میں تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں اور چہرہ گلاب کی طرح نکھر آتا ہے۔ عظم جگر، عظم طحال، استسقاء کے لئے بھی مفید ہے۔ (ص۔۹۴)

قبض دائمی

برگ سناء ایک تولہ، بادیان ایک تولہ، نبات سفید ۲ تولہ ہر ایک اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ نیم گرم قبل از غذا استعمال کریں، بہت مفید ہے۔ (ص۔۱۰۸)

تریاق قولنج

شاخ گوزن سوختہ کردہ سفید شدہ با شدہ ۴ ماشہ پانی کے ساتھ استعمال کیا جائے، بے نظیر ہے۔ (ص۔۱۱۰)

اکسیر سوزاک

ریوند چینی باریک سفوف بنا کر قدرے گڑ ملا کر آمیزش سے بقدر نخود گولیاں بنائیں تین گولی صبح، تین گولی شام دودھ کی لسی سے کھائیں۔ سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانا قطع نظر حد کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو، ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔ (ص۔۱۳۶)

حب سوزاک

جس کو مرض سوزاک میں پیشاب کے ہمراہ خون آتا ہو، ریوند خطائی ۱۲ ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بنائیں ان تمام حبوب کو چھ خوراک کریں ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ شربت مصری سے کھائیں۔ (ص۔۱۴۷)

مردمی طاقت کے لئے نایاب نسخہ

خولنجان، تالمکھانہ ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور ہموزن مصری شامل کریں اور ہمیشہ ۶ ماشہ صبح کے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کیا کریں۔ یہ مختصر نسخہ فوائد میں قیمتی نسخوں سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ (ص۔۱۸۰)

جریان

تودری سفید ۷ ماشہ علی الصبح پاؤ بھر دودھ کے ساتھ ۲۱ دن استعمال کریں، بے حد مفید اور زود اثر ہے۔ (ص۔۱۹۲)

امساک

چنے بھنے ہوئے ایک چھٹانک پختہ اور اس کے ساتھ ایک چھٹانک مصری ایک گھنٹہ پہلے کھالیں اور پانی نہ پئیں، ایک گھنٹہ بعد صحبت کرے نزل نہ ہوگا۔ یہ بہت عمدہ نسخہ ہے۔ (ص۔۲۰۸)

بول فی الفراش

زنج سرخ شگفتہ کے ایک ماشہ ہر روز بدرقہ مناسب کے کھلائیں۔ تین چار روز میں مرض بول الفراش جاتا رہے گا، اور عمر بھر نہ ہوگا۔

(مجربات بنوریہ۔ ص۔۲۶۵)

حب مسکین

ست مر، سونٹھ، سگندھ، ناگوری، مصبر چاروں ہموزن لے کر سفوف بنالیں پھر ہینگوار کے رس میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ لیں۔ ہر ایک درد، وجع المفاصل، عرق النساء کے لئے بے حد مفید اور مجرب ہیں کوڑیوں کی دوا سے موتیوں کے فوائد دیکھیں۔ (تیر بہدف۔ ص۔۵۰)

یرقان

یرقان کسی سبب سے بھی ہو نہایت مجرب ہے، ہر موسم میں قابل استعمال ہے۔ گل ٹیسو اور مصری ہموزن پیس لیں بس دوا تیار ہے۔ بوقت ضرورت ۶ ماشہ حسب عمر مریض لے کر شب کو پانی میں بھگو کر رکھیں صبح چھان کر نہار منہ پلادیں۔ سات دن استعمال کریں

(تیر بہدف۔ ص۔۱۱۰)

درد سر

اطریفل زمانی ایک تولہ رات کھا کر سو رہیں۔ (ص۔۴۴)

مقوی بصر

سونف چھ ماشہ، مغز بادام سات عدد، مصری ایک تولہ رات کو ملا کر سوتے وقت دودھ سے کھائیں اس کے بعد پانی ہرگز نہ پئیں چالیس روز میں نظر اس قدر تیز ہو جاتی ہے کہ عینک لگانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ (ص۔۴۱)

آنکھوں سے پانی آنا

۲۱ عدد بادام رات کو بھگو دیں اور صبح چھلکے اتار کر چبائیں۔ پانی شرطیہ بند ہو جاتا ہے۔ (ص۔۵۵)

ریم گوش (کان سے پیپ کا آنا

سرسوں کے تیل میں کیکر کے پھول جلا کر تیل چھان لیں اور محفوظ کریں دو تین قطرے صبح شام کان میں ڈالتے رہیں اس سے کان درد اور پیپ آنا بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ (کنز المجربات جلد اول ص۔۵۸)

اکسیر دماغ (کشتہ چاندی)

برادہ چاندی ایک تولہ (تیزابی) سیماب مصفی ایک تولہ دونوں کا آب گندنا (بھوپھلی) (یا گلاب کا پانی) دس تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو تلی پیالیوں میں بند کر کے ۳ سیر کی آگ دیں بفضلہ اکسیر دماغ تیار ہے ۲ چاول سے ۴ چاول تک بالائی یا مکھن یا خمیرہ گاؤزبان عنبری کے ساتھ پندرہ دن استعمال کریں۔ (کنز المجربات جلد دوم۔ ص ۳۰۵)

جریان واحتلام کا اکسیر سفوف

بدہارا، اسگندھ ناگوری، ستاوری ہر سہ برابر وزن لے باریک سفوف بنالیں اور اس کے برابر وزن مصری باریک پیس کر شامل کریں ۶ ماشہ خوراک دودھ سے لیں۔ نہایت اکسیر چیز ہے منی کو غلیظ کرتی ہے۔ (کنز المجربات جلد دوم ص ۴۵۴)

انتہائی لذیذ ومفید ناشتہ برائے مقوی دماغ

مغز ناریل کوفتہ ایک سیر، کشمش سبز مرخی مائل ایک سیر صاف کردہ، مغز پستہ نیم کوب ایک پاؤ، مغز اخروٹ نیم کوب ایک پاؤ، گھی ایک سیر نشاستہ آدھ سیر، چینی سفید حسب ضرورت۔ گھی کو نرم آگ پر گرم کرائیں اور نشاستہ ڈال کر اس قدر بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے تو پھر چولہے سے اتار لیں اس میں پسی چینی اور پھر میوہ جات ملا کر سنبھال رکھیں۔ صبح کے وقت پانچ تولہ تک بطور ناشتہ مع دودھ روزانہ کھائیں۔ بے حد مقوی دماغ و مقوی حافظہ دوا ہے۔ (کنز المجربات جلد سوم)

نوٹ: (اگر مغز بادام مقشر نیم کوب ایک پاؤ ملا لیے جائیں تو اچھا ہے۔)

قرص جگر (برائے یرقان A.B.C)

ریوند چینی ۵ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۳ تولہ، سفوف چرائتہ ۵ تولہ، مصبر ۵ تولہ ملا کر قرص بقدر اڑھائی رتی بنائیں۔ ایک قرص صبح و شام پانی سے دیں۔ (اگر اس سفوف کا ایک ماشہ کا کیپسول بھر لیا جائے اور تین وقت ایک ایک استعمال کیا جائے تو بھی ٹھیک ہے۔

(کنز المجربات جلد سوم۔ ص ۶۲۸)

معجون سناء

رسول پاک ﷺ کی حدیث ہے کہ سناء اور شہد موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج ہے اس نسخہ کی صداقت کی اس سے بڑی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے۔

سفوف سناء مکی۔ مویز منقی، روغن بادام ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ گل قند چھ تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ سفوف سناء کو روغن بادام میں چرب کریں اور مغز بادام اور مویز منقی شامل کر کے گل قند میں ملائیں۔ چھ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم بوقت ضرورت کھائیں۔ دائمی قبض اور قولنج کے لئے مجرب ہے۔

(کنز المجربات جلد سوم۔ ص ۶۵۷)

کسی بھی طرح کا گرمی کا اثر

گلوکوز کا بڑا ڈبہ اور ایک تولہ ست پودینہ ملالیں۔ نصف چمچ تین وقت میں اکسیر اعظم ہے۔ کانوں کے لئے بھی اکسیر ہے۔

داد چنبل

نمک کا تیزاب روئی کے ساتھ ایک مرتبہ متاثرہ مقام پر لگادیں خشک ہونے پر سرسوں کا تیل لگائیں ایک دن چھوڑ کر ایک دن یہ نسخہ استعمال کریں۔

چوٹ لگنے یا کسی چیز کے لگنے سے خون کا نکلنا

خون نکلنے کی جگہ پر چائے کی پتی ڈال کر تھوڑی دیر دبا کر رکھیں خون بند ہو جائے گا ہاتھ ہٹا لیں خشک ہونے پر پتی خود بخود اتر جائے گی اور اس جگہ چوٹ کا نشان بھی نہ رہے گا۔

دست بند کرنے کے لئے

منتی بیج سمیت اچھی طرح رگڑ کر چٹنی بنالیں ایک گرام کی خوراک دیں ایک ایک گھنٹہ بعد کسی بھی قسم کے دست ہوں بند ہو جاتے ہیں۔

مقوی باہ

برگ ززوسمہ ایک تولہ روزرات کو پانی میں بھگو دیں صبح ملا چھان کر پی لیں اکسیر ہے۔

جھٹکے لگنا

سارے بدن یا صرف دماغ میں سوتے یا جاگتے ہوئے جھٹکے لگتے ہیں۔ پانی کے ایک کپ میں سونے کی کوئی انگوٹھی وغیرہ ۲۱ مرتبہ گھمائیں پھر وہ پانی دن میں تین مرتبہ پلائیں اکسیر ہے۔

آنکھوں کے جملہ امراض

سلطان الاشجار (سرس) کے تازہ سبز پتوں کا پانی اور عرق گلاب اعلیٰ درجہ کا ہموزن ملالیں نظر کی کمزوری اور آنکھ کی خرابی کے لئے اکسیر اعظم ہے ایک ایک قطرہ دن میں تین بار ڈالیں۔

ہر مرض کے لئے

مرد ہو یا عورت موسم جو جاری ہو اس کا پھل لے کر اس پر شہد ڈال کر صبح نہار منہ کھائیں تین دن اکسیر ہے۔

ایڑوں کا پھٹنا

کوئی بھی صابن کاٹ کر پانی ملا کر مرہم بنالیں رات کو سوتے وقت پھٹی ہوئی جگہ پر لگائیں چند روز اکسیر ہے۔

آنکھوں سے پانی کا آنا

بعض لوگوں کی آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے اور وہ مختلف قسم کے سرمے استعمال کرتے ہیں لیکن فائدہ نہیں ہوتا اس کے لئے ۲۱ عدد

بادام روزانہ چبایا کریں۔ اکسیر ہے۔ بادام میں فاسفورس ہے۔ (رات کو پانی میں بھگو دیں صبح چھیل کر نہار منہ کھائیں)

قلت شیر

زیرہ سفید حسب ضرورت باریک کر لیں اور اس کے ہم وزن مصری ملا لیں صبح و شام ایک ایک تولہ پانی سے دیا کریں دودھ بکثرت پیدا ہوگا۔

ہچکی کا علاج

معدے کی خشکی کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ اپھارے کی ایک قسم ہے جسے اس ہی روکنے والی کسی بھی دوا سے روکا جا سکتا ہے۔ ایک تولہ بڑی الائچی بمعہ چھلکے سمیت کوٹ کر آدھا پاؤ پانی میں جوش دیں آدھا رہ جانے پر اتار لیں سرد ہونے پر پلائیں بفضلہ تعالیٰ حلق سے اترتے ہی ہچکی بند ہو جائے گی۔

موتی جھرا (خسرہ)

علامتیں (پسینہ کا زیادہ آنا۔ کھانسی، بخار، سر درد، سانس کا پھولنا)

خوب کلاں (خاکسی)، عناب، منقی ہر ایک ۵۰ گرام، انجیر ۷ عدد، مصری ۱۰۰ گرام کی ۷ خوراک بنا لیں ایک گلاس پانی ڈال کر مٹی کے برتن میں رات کو بھگو دیں اور صبح کو ابال کر ایک کپ بنا لیں اور مریض کو نہار منہ پلا دیں ابلے ہوئے سامان میں دوبارہ پانی کا ایک گلاس ڈال دیں اور اسی طرح رات کو ابال کر پلائیں اب اس سامان کو پھینک دیں اور رات کو دوسرا حصہ بھگو دیں اس طرح سات دن رات پلائیں موتی جھرا اگر ہڈیوں میں بھی پھنسا ہوا ہوگا تو نکل جائے گا۔

ملیریا بخار

نمک لاہوری ایک ماشہ اور چینی دو ماشہ اچھی طرح پیس لیں یہ ایک خوراک ہے۔ چڑھے ہوئے بخار میں پانی یا دودھ سے دیں تین مرتبہ دن میں دیں بخار اتر جائے گا۔ صدہا مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

ایک عجیب پھکی

سونف، دھنیا، زیرہ سفید، انار دانہ ہر ایک ۵۰ گرام۔ کالا نمک ۲۵ گرام۔ ست لیموں ایک تولہ۔ مصری ایک کلو۔ سب چیزوں کا الگ الگ سفوف بنا کر ملا لیں، نصف چمچہ تین وقت لیں۔ یہ ایک مجرب اور لذیذ چورن ہے جو کہ ہر گھر کی ضرورت ہے۔ بدہضمی، گیس، متلی کا آنا، بلڈ پریشر کا کم یا زیادہ ہونا، سینے کی جلن، ڈیپریشن کو دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ ہر گھنٹہ بعد بھی نصف چمچ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

درد گردہ کمزوری سے

1 دیسی گھی ایک چھٹانک میں آدھا تولہ سرخ مرچ ملا کر جلا لیں جب جل جائیں تب اتار کر چھان لیں اس گھی کا ایک چمچ پلائیں اکسیر ہے۔

۲ پھٹکڑی سفید بریاں کر لیں اور ایک رتی چالیس دن پانی سے کھلائیں، گردے کو فولاد کی طرح بنا دیں گے۔ اور گردے فیل

ہو جائیں تو دوبارہ کام کرنا شروع کر دیں گے، اکسیر ہے۔

ہڈی جوڑنے کے لئے

شنگرف رومی ایک تولہ۔ پھٹکری سفید ۵۰ گرام دونوں کو کھرل کر لیں اور توے پر ڈال کر بریاں کریں، پھر سفوف بنائیں اور دو رتی تین وقت دن گرم دودھ سے دیں۔

دافع احتلام وجریان ولیکوریا

اسپغول کی بھوسی ایک چمچ صبح نہار منہ دودھ سے لیں اکسیر ہے۔

ہر مرض کے لئے

چھوٹی الائچی، طباشیر، ست گلو ہموزن اور ان کے ہم وزن گلوکوز ملائیں۔ نصف چمچ تین وقت دن میں شربت بزوری یا سادہ پانی سے لیں۔

اکسیر جگر (ہیپاٹائیٹس۔ورم۔سدے۔ خون کی کمی)

چرائتہ، میو، ریوند چینی ہر ایک ۵۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۲۵ گرام سفوف بنا کر ایک ماشہ والے کیپسول بھریں تین وقت کھانا کھانے کے بعد دو دو کیپسول پانی سے لیں اور تمام اور فرائی چیزیں بند کر دیں دہی کا استعمال زیادہ رکھیں، اکسیر ہے۔

تریاق بے ہوشی

نمک لاہوری پانی میں حل کر کے مریض کے ناک میں دونوں طرف ایک ایک قطرہ ٹپکائیں فوراً ہوش میں آ جائے گا خواہ بے ہوشی کی وجہ کچھ بھی ہو اور کتنا عرصہ کیوں نہ ہو گیا ہو۔

الرجک

سونف، پودینہ، ملٹھی، اجوائن ہم وزن سفوف بنائیں، کھانا کھانے سے پہلے نصف چمچ پانی سے میں تین وقت، ایک ماہ استعمال کریں اور تمام ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

بچوں کا سوکھتے جانا

روزانہ سرسوں کے تیل کی سارے بدن پر مالش کریں، جائفل ۵۰ گرام، چینی سو گرام سہاگہ۔ ایک ماشہ ان سب کا سفوف بنا لیں اور ایک ایک رتی تین وقت دودھ سے دیں اکسیر ہے۔

ڈیپریشن

ثابت اسپغول ایک چمچ صبح نہار منہ اور ایک چمچ عصر کے وقت پانی یا دودھ سے لیں۔

ہاتھ اور پاؤں کے مسے

چونا پان والا اور کپڑے دھونے والا سوڈا ایک نمبر ہموزن ایک قطرہ پانی کا ڈال کر ملائیں اور مسے پر لگائیں جلا دے گا۔

کیسٹرول کم کرنے کے لئے

میتھی کے بیج، بڑی الائچی، پودینہ خشک ہم وزن سفوف بنالیں کھانا کھانے کے بعد نصف چمچ لیں، اکسیر ہے۔

آنکھ اور دماغ کی کمزوری دور کرنے کے لئے

۹ عدد بادام رات کو پانی میں بھگو دیں صبح چھیل کر ایک بادام کے ساتھ ایک عدد کشمش کا دانہ ملا کر چبائیں اس طرح سارے بادام کھائیں۔ ایک ماہ استعمال کریں اکسیر ہے۔

پھیپھڑوں سے خون آنا

زہر مہرہ، طباشیر، چھوٹی الائچی، مصری ہم وزن سفوف بنالیں نصف چمچ صبح و شام تازہ پانی سے لیں۔

سانپ کاٹے کا علاج

ریوند چینی کا سفوف بنالیں ۲ رتی تین بار دن پانی سے دیں زہر ختم ہو جائے گا۔

پتہ کی پتھری

مہندی، زیرہ، ہڑ زرد ہر ایک دو تولہ کا سفوف بنالیں۔ ۳ عدد کالی مرچ اور ۳ عدد زرد کوڑی بھی پیس کر ایک بوتل لیموں کے رس میں ڈال دیں تین چمچ تین وقت پانی سے لیں اور اوپر سے خوب پانی پئیں، دودھ اور گوشت والی تمام اشیاء بند رہیں گی ایک ماہ، اکسیر ہے۔

ہڈیوں کا درد اور ڈسک پرابلم

گوند ببول ایک پاؤ، گوند کتیرہ ۵۰ گرام دیسی گھی میں بریاں کریں اور سفوف بنائیں ایک چمچ دودھ سے لیں ۱۵ یوم کے بعد فائدہ نظر آئے گا۔

دماغ اور پیٹ میں پانی کا بھر جانا

سنگجرح ایک پاؤ، ایک سیر پھٹکڑی سفید میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس کلو اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور سنگجرح کو پیس لیں ۲،۲ رتی کی خوراک صبح و شام پانی سے سات دن دیں اکسیر ہے۔

سر کی جوئیں

کافور کو سفوف بنا کر سرسوں کے تیل میں ملا کر سر کو لگائیں ۵ گھنٹے بعد سر کو دھوئیں تین چار دن لگائیں سب مر جائیں گی۔

کان کا درد تلی کا بڑھ جانا اور زخم

ریوند عصارہ پانی میں گھول لیں کان میں دو قطرے ڈالیں درد بند ہو جائے گا۔ ایک رتی کھلائیں بڑھی ہوئی تلی ختم ہو جائے گا۔ پانی میں گھول کر زخم پر لگائیں خشک ہو جائے گا۔

کان کی بھنبھناہٹ

ایک تولہ رتن جوت کوٹ کر ۵۰ گرام سرسوں کے تیل میں ملا کر گرم کریں جب تیل سرخ ہو جائے تو چھان لیں یہ تیل کان میں ایک

یک قطرہ ڈالیں تین بار دن۔

ذکاوت حس وسوزاک

سبز مہندی کے پتے ایک مشت پانی کی ایک بوتل میں ڈال دیں جب رنگ سرخ ہو جائے تو تین وقت ایک ایک کپ پلائیں اکسیر ہے۔

امرت دھارا (ہر مرض کے لئے)

کافور، ست جوائن، ست پودینہ ہموزن لے کر کسی کانچ کی شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر منہ بند کر کے رکھ دیں پانی بن جائے گا دو قطرے کسی چیز میں ملا کر کھائیں پلائیں۔

پیٹ کے کیڑے

ست (سنامکی) کو کوٹ کر پانی نکال لیں آدھا گلاس یہ پانی پلا دیں تین روز کسی بھی وقت، سب کیڑے مر جائیں گے۔

عرق النساء

چندرس کا سفوف بنالیں ایک ماشہ رات کو دودھ سے دیں۔ سم الفار اور ذراقی بھی مفید ہے۔

مقوی دل ودماغ

تیز بی چاندی، سیماب، شاخ مرجان ہموزن کھرل کر کے گھیکوار میں گولی بنائیں دو سیپ میں بند کر کے گل کریں ورہیں کلو کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔ ایک رتی کی خوراک مکھن سے لیں۔

جاروب دماغ

سطحدوس، سونف، نمک سیاہ، نوشادر ہموزن کا سفوف بنالیں ۲ ماشہ صبح وشام پانی سے دیں اکسیر ہے۔ دردسر، دماغی بوجھ، نزلہ زکام اور تمام امراض چشم کے لئے بہترین علاج ہے۔

(استاذ الحکما عبد الکریم سموں مرحوم)

مقوی باہ

۱ ۵۰ گرام سفید پھٹکری، ایک تولہ سم الفار سفید، ایک تولہ شنگرف رومی سب کو کھرل کر کے توے پر ڈال کر رکھ دیں اگر میں جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو تار کر پیس کر سفوف بنالیں۔ نصف رتی خوراک دودھ سے عصر کے وقت میں، سات دن تک۔ (بابا کنڈ اُفقیر مرحوم)

۲ ایک تولہ گندھک آملہ سار اور ایک تولہ سیماب مصفیٰ کھرل کر کے کجلی بنائیں پھر ایک تولہ سم الفار سفید ڈال کر کھرل کریں پھر ایک تولہ افیم ڈال کر ۲۱ دن تک کھرل کریں۔ ایک چاول خوراک صرف تین دن استعمال کرائیں۔ (ایک خلیفہ پیر پگارا مرحوم)

T.B

سونٹھ ۴ تولہ، کالی مرچ ۳ تولہ، نوشادر ٹھیکری ایک تولہ، ہڑتال ورقیہ ایک تولہ سب کا سفوف بنالیں اور اچھی طرح کھرل کر لیں ۲ رتی

کی خوراک تین بار دن میں دودھ یا آب تازہ سے دیں۔

پھوڑے ،پھنسیاں ،زخم

کلورومائی سین یا ٹیرامائی سین کا کیپسول لیں اس میں ایک قطرہ سرسوں کے تیل کا ملا کر مرہم بنائیں اور مذکورہ جگہ پر لگائیں خشک کر دے گا۔

(رانا اکبر علی راجپوت)

گردہ پتھری بنانا بند کردیے

سنگ یہود کو گھیکوار میں کشتہ کر لیں ایک رتی خوراک چالیس دن پانی سے دیں گردہ دوبارہ پتھری نہیں بنائے گا۔

(میاں محمد صدیق سمو مرحوم)

صحبت میں لذت محسوس نہ ہوتو

یہ دماغی کمزوری سے ہوتا ہے کوئی بھی مقوی دماغ چیز استعمال کریں۔

(حکیم مولوی اسمٰعیل بلوچ)

سرعت انزال کی شکایت ہوتو

یہ گردے کی کمزوری سے ہوتی ہے مقوی گردہ کوئی چیز استعمال کرائیں۔

(حکیم محمد اسمٰعیل بلوچ)

انتشار نہ ہوتو

یہ دل کی کمزوری سے ہوتا ہے مقوی قلب کوئی چیز استعمال کرائیں جیسے حب عنبر یا خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔

(مولوی حکیم محمد اسمٰعیل بلوچ)

کرم منی پیدا کرنے کے لئے

۵ دانے انجیر کو ہر کہ کٹوری میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کھائیں ۱۵ دن کافی ہے۔ کیڑا بدبو میں پیدا ہوتا ہے اور یہ بدبو دور کرتا ہے۔

(بابا رحم دین راجپوت)

بواسیر خونی وبادی

۵ عدد انجیر کے دانے رات کو مٹی کے برتن میں بھگو دیں صبح نہار منہ کھائیں اور وہ پانی جس میں بھگوئے تھے پی لیں ایک ہفتہ کافی ہے۔

(بابا رحم دین راجپوت)

ٹیسٹ کرم منی

استمبالید کے ذریعے منی نکال کر پانی کے ایک کٹورے میں ڈالیں اگر نیچے بیٹھ جائے تو کرم ہیں درمیان میں رہے تو کم ہیں اور پانی کے اوپر ہی تیرتی رہے تو بالکل ہی نہیں ہیں۔

(محمد جاوید کریمی)

ورم رحم اتارنے کے لئے

گلیسرین کا پھایہ صبح وشام رحم میں رکھیں ۵ دن ۔ سارا دن پانی جاری رہے گا اور ورم اتر جائے گا۔

(ذوالفقار علی خاصخیلی)

کمزوری چشم اور درد سر

دو چمچ گندم ۔ دو چمچ خشخاش ۔ دو چمچ چاروں مغز ۔ ۶ بادام رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح کو ۲۰ دانے دکھنی مرچ کے بھی ملا کر پیس لیں، پھر آدھا کلو دودھ میں ملا کر مصری حسب ضرورت شامل کر کے نہار منہ پئیں ۔ ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کریں، سردیوں میں گرم کر کے استعمال کریں اور دو چمچ گھی کا اضافہ بھی کریں اور گرمیوں میں ٹھنڈا کر کے استعمال کریں۔ (محمد یامین مغل)

بواسیر کا خون بند کرنا

انار کا چھلکا اور زیرہ سفید ہم وزن سفوف بنالیں ایک ایک چمچ تین وقت پانی سے لیں۔

(حکیم محمد جاوید)

مقوی گردہ

معجون فلاسفہ رات کو ایک چمچ لیں اور معجون زرعونی عنبری صبح کو ایک چمچ لیں اور تین عرق بادیاں ۔ مکو اور کاسنی ملالیں ایک ایک کپ تین وقت پئیں۔ (حکیم عبدالکریم سموں مرحوم)

گرمی کا اثر ختم کرنے کے لئے

پنیر کو چھیل کر سفوف بنالیں دو گنا مصری ملالیں ایک چمچ رات کو دودھ سے لیں۔

(حکیم عبدالعزیز بخاری)

شربت املی و آلو بخارا

ایک کلو املی، ایک پاؤ آلو بخارا، چھ کلو پانی، تین کلو چینی، اس کا شربت بنالیں ۔ اشتہا بے بہا کے لئے چار چمچ پانی کے گلاس میں ڈال کر تین وقت پئیں، اکسیر ہے۔

اکسیر مغلظ منی

تالمکھانہ، اسگندھ ناگوری، موصلی سفید، بہمن سرخ، گوکھرو، ہر ایک سو سو گرام مصری پانچ سو گرام، تخم ریحان 250 گرام سب چیزوں کا سفوف بنالیں سوائے تخم ریحان کے اس کو ثابت ملالیں اور ایک چمچ رات کو دودھ سے لیں۔

سیماب کو مصفیٰ کرنے کا آسان طریقہ

سیماب کو کسی پیالی میں ڈال لیں اور تھوڑا سا نمک ڈال کر ہائیڈروجن پر آکسائیڈ ڈالیں اور کھرل کریں کالا ہو جانے پر پانی ڈال کر دھودیں اس طرح چند بار کریں مصفیٰ ہو جائے گا۔ (مولوی اسمٰعیل بلوچ)

قوت باہ

سم الفار سفید ایک تولہ، شنگرف دو تولہ دونوں کو ایک بوتل لیموں کے رس میں کھرل کر لیں ایک چاول خوراک اکسیر ہے۔

(ڈاکٹر غلام مصطفیٰ حمدانی)

برائے پتھری گردہ

ناریل کا پانی نکال لیں اور اس میں کالا نمک سفوف بنا کر بھر لیں۔ آدھا کلو کپڑے کی کپڑ ونی کر دیں۔ ۵ا کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر احتیاط سے نکال لیں ہموزن نوشادر ٹھیکری ملالیں، ایک ماشہ خوراک تین وقت دن میں کچی لسی سے لیں اکسیر ہے۔

(حکیم محمد جاوید)

انگریزی دواؤں کا معدہ پر سے سائیڈ ایفکٹ ختم کرنا

دہی میں سبز پودینہ، دھنیا سبز اور زیرہ سفید کوٹ کر ملالیں ہلکی سے نمک مرچ ملالیں ایک ایک چمچ ہر دس منٹ بعد لیں آدھا کلو دہی روز اس طرح کھائیں سات دن تک۔

بواسیر خونی وبادی

نیم کی نمولی کا مغز اس قدر کھرل کریں کہ پاؤڈر ہو جائے۔ مقعد پر سرسوں کا تیل لگا کر یہ سفوف لنگوٹ ماریں تین رات اکسیر ہے۔

(بابا منگتا مرحوم)

اکسیر مغلظ

تالمکھانہ اور بھوسی اسپغول ہموزن سفوف بنالیں ایک چمچ رات کو استعمال کریں

(محمد جاوید آرائیں)

دیوی کا کانٹا لگ جائے تو

اسی درخت کے پتے کوٹ کر روز کانٹے کی جگہ پر باندھ دیں زہر ختم ہو جائے گا۔

حالت بخار میں

روٹی بالکل بند کریں صرف دودھ اور ڈبل روٹی کا استعمال کریں۔

بالوں کا گرنا اور گنجا پن

مہندی کے سبز پتے سو گرام، دو سو گرام سرسوں کے تیل میں جلالیں حتیٰ کہ کالے ہو جائیں پھر تیل چھان لیں۔ یہ تیل لگائیں۔

(محمد جاوید آرائیں)

گردے سے لے کر پیشاب کی نالی تک کی خرابی

ایک گلاس پانی میں دو چمچ شہد خالص ملا کر پی لیں تین وقت دن۔

گرمی کا دشمن

بڑا ڈپہ گلوکوز اور ایک تولہ ست پودینہ پیس کر ملا لیں ۶ ماشہ خوراک تین وقت دن۔

قبض

سنا مکی اور گلوکوز ہموزن ملا لیں ۳ گرام رات کو سوتے وقت پانی یا دودھ سے لیں۔

مسوڑھوں سے خون آنا

پلاسٹک آف پیرس، میٹھا سوڈا ہموزن ملا لیں صبح و شام دانتوں کو ملیں دانت چمک دار ہو جائیں گے اور مسوڑھوں سے خون آنا بند ہو جائے گا۔

حمل کا بار بار گرنا

جامن کی گٹھلی کا سفوف بنا لیں ایک چمچ رات کو دودھ سے لیں ایک ماہ۔ (استاد روشن)

بچوں کا سوکھڑا

اس کی علامت یہ ہے کہ بچے کان کی لو کو دبائیں گے تو بچہ درد محسوس نہیں کرے گا درد محسوس کرے تو سوکھڑا نہیں ہے بہر حال بکرے کی کلیجی کو جلا کر سفوف بنا لیں اور گلوکوز ڈی ملا لیں ایک ماشہ کی خوراک تین بار دن میں دیں ہسرخ وسفید ہو جائے۔ (میاں محمد نعیم)

کینسر ہر قسم کا

سو گرام روغن زیتون میں ایک تولہ ہلدی جلا لیں۔ پھر تیل کو چھان لیں۔ بیس قطرے اس تیل کے تین وقت کسی چیز میں ڈال کر پلائیں اور اوپر سے نیم گرم پانی پلائیں۔ ۲۲ سالہ مجرب نسخہ ہے (ڈاکٹر حافظ محمد ابراہیم)

برائے قوت باہ

انیمون، ہم الفار سفید، سیماب مصفیٰ ہموزن تینوں کو اتنا کھرل کریں کہ صلایہ ہو جائے بس اکسیر تیار ہے نصف چاول خوراک ہمراہ بالائی بعد از غذا دن میں صرف ایک خوراک ہے۔ انتشار خوب دیتا ہے۔

(ماہنامہ پیغام آیورویدک کارس رسائن کشتہ جات نمبر ۱۹۵۷ مئی۔ ص ۸۷)

بکار۔بدن کا ٹوٹنا

بادام ایک پاؤ، اجوائن ستر گرام، خشخاش ساٹھ گرام، الائچی خورد (چھوٹی الائچی) پچاس گرام، مصری ایک پاؤ۔ ان سب کی دس خوراک بنا لیں رات کو ایک خوراک پانی میں بھگو دیں صبح بادام کو چھیل لیں اور اجوائن کو اس طرح پانی میں بھگوتا ہے کہ کسی کپڑے میں باندھ کر رکھیں اور پہلے اس کو کپڑے سمیت نچوڑ لیں پھر اس کو اور باقی تمام اشیاء کو کسی کونڈی میں ڈال کر رگڑیں اور تھوڑا تھوڑا پانی کا چھینٹا لگاتے جائیں جب تمام اشیاء باریک ہو جائیں تو ایک گلاس پانی ملا کر چھان لیں اور حسب ضرورت مصری ملا کر صبح نہار منہ پی لیں۔ اکسیر چیز ہے

(مولوی محمد اسمٰعیل بلوچ)

معدے کی گرمی

دوپہر کے وقت کھانا نہ کھائیں اس کی جگہ تربوز جتنا ہو سکے کھائیں اور دو گھنٹے تک پانی نہ پئیں ایک دو روز میں معدے کی تمام گرمی ختم ہو جائے گی۔

بد ھضمی ہر مرض کی جڑ

عموماً زیادہ کھانے یا فرائی چیزیں کھانے سے ہوتی ہے اور آج کل فارمی مرغی کا گوشت کھانا بھی اس کا ایک بہت بڑا سبب ہے جس کی وجہ سے سینے میں جلن اور معدے میں آگ سی لگ جاتی ہے اور جگر کے مقام پر درد شروع ہو جاتا ہے۔اس کا بہترین حل یہ ہے کہ کھانا بند کر دیں اور دہی کی لسی بنا لیں اور چھان لیں اور چینی حسب ضرورت ملا لیں اور برف کو باریک کر کے اتنی ڈالیں کہ یہ لسی برف کی طرح ٹھنڈی ہو جائے اور پھر اس کے ایک یا دو گلاس پی لیں چار گھنٹے بعد دوبارہ یہی عمل کریں۔مکمل آرام آ جائے گا۔

طبی اوزان

۸ چاول = ایک رتی	۸ رتی = ایک ماشہ
۱۲ ماشہ = ایک تولہ	۵ تولہ = ایک چھٹانک
۲ چھٹانک = آدھ پاؤ	۴ چھٹانک = ایک پاؤ
۸ چھٹانک = آدھ سیر	۱۶ چھٹانک = ایک سیر
۱ ماشہ = ایک گرام	ایک تولہ = دس گرام